The Origin and Development of *Da‘wah*-Methodology Literature in the Subcontinent from the Perspective of Islamic Revivalist Thought

Rehan Ahmed[*]
Atif Aftab[*]

ABSTRACT

Islam conquered the nations by its universal message throughout the history. The preaching force of Islam has always been the main reason of its global spread. However, the literature explaining the methodology of *da‘wah* that originated in the twentieth-century subcontinent is unprecedented in its nature. This literature was produced against the backdrop of Islamic revivalist thought that presented Islam as a complete code of life. Maulana Amin Aḥsan Islahi’s book *Da‘vat-i Din aur us ka Tariq-i Kar* is a fundamental work on this topic. This book is first of its kind on the topic of *da‘wah*-methodology in Islamic

[*] Research Scholar, Faculty of Social Sciences, Hamdard University, Karachi. (rehan_rafiq@yahoo.com)

[*] Assistant Professor, Faculty of Social Sciences, Hamdard University, Karachi. (dr.atifaftab@hamdard.edu.pk)

literary history. The book addresses the methodology of *da‘wah* and explains its different aspects in light of the Qur’an, sayings of the holy Prophet (peace be upon him) and the biographies of the Prophets. This paper explains the Islamic revivalist background of the twentieth century that brought about *da‘wah*-methodology literature developed by I╖la╔i and examines different aspects of his work.

خ خ خ خ خ

Vol:56, Issue: 3-4

برصغیر میں دعوت دین کے طریق کار پر مبنی لٹریچر کے ظہور میں مولانا امین احسن اصلاحی کا کردار

(احیائے اسلام کے فکری تناظر میں)

ریحان احمد[*]
عاطف آفتاب[*]

برصغیر اور اسلام

برصغیر پاک و ہند کا سرزمین عرب سے تعلق زمانہ قبل از اسلام سے ہے۔اُس دور میں یہ تعلقات تجارتی نوعیت کے تھے، جس میں خوشبو اور مسالا جات وغیرہ کی تجارت کی جاتی تھی۔[1] خلافت راشدہ کے زمانہ میں مسلمانوں کی طرف سے کچھ غیر رسمی فوجی مہمیں سندھ کی طرف بھیجی گئی تھیں،[2] مگر یہ علاقہ اسلامی خلافت کا باضابطہ حصہ اس وقت بنا جب محمد بن قاسم نے سن 711ءمیں سندھ پر حملہ کیا اور دو سال کے مختصر عرصہ میں سندھ اور ملتان تک کے علاقہ کو خلافت اسلامیہ میں شامل کردیا۔[3]

711ء میں عربوں کے سندھ پر ابتدائی حملہ کے بعد پہلے غزنوی سلطنت میں ہندوستان پر حملہ کیا گیا اورپھر غوری سلطنت کاشمالی ہندکے بیشتر علاقوں پر اقتدار قائم

* ریسرچ اسکالر، فیکلٹی آف سوشل سائنسز ،ہمدرد یونی ورسٹی، کراچی ۔ (rehan_rafiq@yahoo.com)
* اسسٹنٹ پروفیسر، فیکلٹی آف سوشل سائنسز ، ہمدرد یونی ورسٹی، کراچی (dr.atifaftab@hamdard.edu.pk)

1 – سید سلیمان ندوی، **عرب و ہند کے تعلقات** (اعظم گڑھ:دارالمصنفین، شبلی اکیڈمی،2010ء)، 2۔

2 – احمد بن یحییٰ بن جابر البلاذری، **فتوح البلدان**، ترجمہ:سید ابو الخیر مودودی (حیدرآباد دکن: دار الطبع، جامعہ عثمانیہ ،1940)، 2: 176- 177۔

3 – شیخ محمد اکرام، **آب کوثر** (دہلی: تاج کمپنی ،1987)، 240۔

ہوگیا۔ اس کے بعد سلاطین دہلی اور پھر مغلیہ سلطنت کے دو رمیں مسلمانوں کی ایک وسیع اور طاقتور سلطنت یہاں قائم ہوگئی۔یہ سلطنت 1857ء تک کسی نہ کسی صورت قائم رہی جس کے بعد یہ علاقہ باقاعدہ برطانوی سلطنت کے زیر انتظام آ گیا ۔ یوں برصغیر میں صدیوں سے قائم مسلم اقتدار کا خاتمہ ہوگیا اور مسلمان محکوم ہوگئے۔

مسلمانوں کی حکومت کے اس طویل دور میں برصغیر میں اسلام کا فروغ ہوا۔ مقامی لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد مسلمان ہوگئی، مگر مجموعی طور پر مسلمان ایک اقلیت ہی رہے۔ اس کی ایک اہم وجہ یہ تھی کہ مسلم سلاطین کے اقتدار کی نوعیت بہ حیثیت مجموعی مذہبی نہ تھی۔ انھوں نے یہاں فروغ اسلام میں براہ راست کوئی زیادہ دل چسپی نہیں لی بلکہ فروغ اسلام کا سبب تاتاری یلغار کے بعد اپنا دین و ایمان بچاکر ہندوستان میں پناہ لینے والے علما، مشائخ اور صوفیا تھے۔دوسری وجہ یہ تھی کہ ہندوؤں میں ذات پات کا نظام بہت مضبوط تھا۔ اسلام انھی علاقوں میں زیادہ پھیلاجہاں ہندوؤں کا ذات پات کا نظام ابھی محکم نہ تھا۔ ان علاقوں میں سندھ، مغربی پنجاب اور بنگال خاص طور پر نمایاں ہیں، جن میں بدھ مت کے اثرات ابھی باقی تھے۔ [4]

برصغیر میں اسلام کے اس فروغ کے ساتھ اس خطہ میں تصوف اور علم کی روایت نے بھی فروغ پایا۔خاص کر شاہ ولی اللہؒ اور ان کے خانوادہ کے ذریعہ سے علم کی جو روایت اس خطہ میں پھیلی، اس نے مسلمانوں کی سیاسی قوت کے زوال کے بعد بھی نہ صرف مسلمانوں کو سہارا دیا بلکہ آنے والے دنوں میں یہ خطہ علمی اور فکری پہلوؤں سے فکر اسلامی اور احیاء اسلام کا ایک مرکز بن گیا۔

احیاء اسلام کی فکر کا ظہور

بیسویں صدی کے آغاز میں برصغیر سمیت بیشتر دنیا پر یورپی طاقتوں کا راج قائم ہوچکا تھا۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد خلافت عثمانیہ کا خاتمہ ہوگیا اور مسلمانوں کا رہا سہا اقتدار بھی جاتا رہا۔صورت حال یہ تھی کہ1920ءمیں دنیا کے

---

4 – نفس مرجع، 194-195۔

صرف 3.5 فی صد حصے پر مسلمانوں اور 48 فی صد حصے پر مغربی طاقتوں کا کنٹرول تھا۔[5]

برصغیر کے مسلمانوں کو سیاسی میدان میں شکست کے علاوہ ایک دوسرے خطرے کا بھی سامنا تھا۔ یہ خطرہ دو طرفہ تھا۔ اس میں ایک طرف انگریزی حکومت کے زیر سایہ مسیحی مشنری یلغار تھی جو مسیحیت کے فروغ کے لیے کام کررہی تھی، اور دوسری طرف ہندواکثریت کی طرف سے شروع کی جانے والی وہ اصلاحی تحریکیں تھیں جو مسلمانوں کو دوبارہ ہندو بنانے کی کوشش کررہی تھیں۔ ان تحریکوں میں آریا سماج کی شدھی تحریک نمایاں تھی۔[6] اس کے علاوہ ہندوؤں نے اپنے تحفظ کے لیے سنگٹھن نام کی ایک تحریک بھی شروع کی ، جس میں ہندوؤں کو مسلح تربیت دی جاتی تھی تاکہ فرقہ وارانہ فسادات میں مسلمانوں کو نقصان پہنچایاجاسکے۔اس کے نمایاں لیڈروں میں سوامی شردھانند اور پنڈت مدن موہن مالویہ تھے۔[7]

ان تحریکوں نے ایک طرف ہندو مسلم فسادات کی آب یاری کی اور دوسری طرف مسلمانوں کو دوبارہ ہندو دھرم میں داخل کرنے کی کوششیں شروع کردیں۔ بیسویں صدی کے ابتدائی عشروں کا یہ پس منظر تھا جس میں مسلمانان برصغیر کے سامنے ملت اسلامیہ اورخود دین اسلام کے دفاع کا مرحلہ درپیش تھا۔ احیائے اسلام کی فکر اسی چیلنج کا ایک جواب تھی۔

احیائے اسلام کی فکر کا بنیادی نعرہ اور اس کی اساس جس شخص نے پہلی دفعہ مسلمانوں کے سامنے رکھی، وہ مولانا ابوالکلام آزاد تھے۔مولانا آ زا دنے برصغیر میں **الہلال** اور **البلاغ** کے ذریعے احیائے اسلام کی صدا بلند کی اور مسلمانوں کے سامنے ”حکومت الٰہیہ“ کے قیام اور اس کے لیے ایک ”حزب اللہ“ کے قیام کی دعوت پیش کی۔[8] بعد میں مولانا آزاد اپنے اس نصب العین کو ترک کرکے انڈین نیشنل

---

5 – Samuel P. Huntington, *The Clash of Civilizations and the Remaking of World Order* (New York: Simon & Schuster, 1996), 84.

6 – D.K. Mohanty, *Indian Political Tradition* (New Delhi: Anmol Publications, 2002), 116.

7 – Christophe Jaffrelot, *The Hindu Nationalist Movement and Indian Politics — 1925 to the 1990s* (London: Hurst Publishers, 1996), 20.

کانگریس میں شامل ہوگئے، مگر وہ آنے والوں کو احیائے اسلام کا خواب دکھلاگئے۔[8]

احیائے اسلام کی فکر اور دعوت دین کے طریق کار کا لٹریچر

برصغیر میں احیائے اسلام،حکومت الہیہ جیسے تصورات اگرچہ مولانا آزاد نے **الہلال** اور **البلاغ** کے ذریعے متعارف کروائے لیکن ان کو ایک فکر کے قالب میں ڈھال کر، قرآن و حدیث کے دلائل سے مستنبط کرکے، اس فکر کو ایک دعوت کی صورت میں پیش کرکے اور اس تصور کی بنیاد پر ایک جماعت کو قائم کرکے غلبۂ دین کی کوشش کرنے والی شخصیت مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی کی تھی۔

مولانا آزاد کی طرح انھوں نے صحافت کو اپنے خیالات کے فروغ کا ذریعہ بنایا اور اپنے ماہنامہ **ترجمان القرآن** کے ذریعے قبل از تقسیم کے ہندوستان بھر میں اپنے خیالات پھیلادیے۔ اس کے ساتھ انھوں نے جماعت اسلامی کے نام سے ایک جماعت بھی قائم کی جس کا مقصد حکومت الٰہیہ کے قیام کی جدوجہد کرنا تھا۔

مولانا موودی نے فکری اور عملی ہر دو پہلو سے دین اسلام، اس کی شرح وضاحت، اس پر اعترضات کے جواب اور دور حاضر میں دین کے احیا کو اپنا موضوع بنایا۔ اپنے رسالے **ترجمان القرآن** اور اپنی تصانیف کے ذریعے انھوں نے احیائے اسلام کی سوچ کو زندہ کیا۔ لوگوں میں یہ شعور پیدا کیا کہ اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ جو زندگی کے ہر گوشے پر اپنا غلبہ چاہتا ہے۔ انھوں نے اس بات کو دو ٹوک انداز میں نمایاں کیا کہ اسلام انفرادی ہی نہیں بلکہ اجتماعی زندگی کے ہر گوشے میں بھی اصول و قوانین دیتا ہے۔اور اس پس منظر میں غلبۂ دین کے لیے جدوجہد کرنا ہر مسلمان کا بنیادی فرض ہے۔

مولانا مودودی کی یہ تعبیرِ دین آنے والے برسوں میں تقلید اور تنقید دونوں کا موضوع بنی۔ تاہم اس فکر کی اہمیت یہ ہے کہ اس نے اسلام کو ایک دعوت کے روپ میں پیش کیا، جسے مسلمانوں اور غیر مسلموں کے سامنے پیش

---

[8] – ڈاکٹر اسرار احمد، **تنظیم اسلامی کا تاریخی پس منظر**(لاہور:تنظیم اسلامی،1991)، 30۔

کیا جاتا تھا۔یہ دعوت دین کو بہ حیثیت ایک نظام زندگی اور بہ طور ایک ضابطہ حیات پیش کرنے کی دعوت تھی۔ یہی وہ پس منظر تھا جس میں ضروری تھا کہ دعوت دین کے بارے میں یہ بتایا جائے کہ اس کا طریقہ اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں کیا ہے۔ چناں چہ احیائے اسلام کا یہ فکری پس منظر وہ اساس بن گیاجودعوت دین کے طریقہ کار پرمبنی لٹریچر کے وجود میں آنے کا ذریعہ بنا۔

مولانا امین احسن اصلاحی نے اپنی کتاب **دعوت دین اور اس کا طریق کار** لکھ کر علوم اسلامیہ کی اس شاخ کے حوالے سے ایک بھرپور علمی کام کیا۔ آنے والے عشروں میں نہ صرف برصغیر بلکہ عالم عرب میں بھی دعوت دین کا طریق کار کے موضوع پر قیمتی تصانیف سامنے آئیں۔ان میں شیخ عبدالکریم زیدان کی کتاب **أصول الدعوة**،محمد ابوالفتح البیانونی کی کتاب **المدخل إلى علم الدعوة** اورشیخ محمد سرور بن نایف زین العابدین کی کتاب **منهج الأنبياء في الدعوة إلى الله** وغیرہ اہم ہیں۔ اس کے علاوہ مختلف جامعات میں ”علم الدعوہ“ کے مضمون کا باقاعدہ مطالعہ شروع ہوا ۔ یوں احیائے اسلام کی فکر”علم الدعوہ“ کو دینیات کی ایک شاخ کے طور پر متعارف کرانے کا سبب بن گئی۔

مولانا اصلاحی سےقبل ہونے والے کام کی نوعیت

مولاناامین احسن اصلاحی نے دعوت دین کے طریق کار کے حوالے سے جو کام کیا، اس کی اہمیت اور جامعیت کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کام کا مختصر جائزہ لیا جائے جو اس سے قبل اس موضوع پر ہوچکا تھا۔ مولانا اصلاحی سے قبل مسلمانوں کے علمی ذخیرے میں دعوت دین کے حوالے سے جومستقل تصانیف ملتی ہیں، وہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے موضوع پر لکھے گئے کچھ رسالوں پر مشتمل ہیں جن میں اخبار و روایات کو جمع کیا گیا ہے۔ مثلاً ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی دنیا (م 281ھ) کا **الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر** یا پھر عبد الغنی بن عبد الواحد مقدسی (م 600ھ) کا **الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر**۔ جیسے ابو بکر احمد بن محمد بن

ہارون خلّال (م 311ھ) کا رسالہ الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر من مسائل الإمام أحمد، جوامام احمد سے مروی مسائل و افتا پر مبنی ہے، یا پھر امام ابن تیمیہ (م 728ھ) کا رسالہ الأمر بالمعروف والنهي عن المنکر۔ تاہم یہ کام اصلاحی نوعیت کا تھاجس کا مقصد دین کے ایک حکم کے حوالے سے لوگوں میں آگہی پیدا کرنا اور عوام کی اصلاح تھی۔[9]

ان مستقل تصانیف کے علاوہ علم تفسیر، حدیث، فقہ اوراسرارِ دین وغیرہ کی بعض کتب میں ذیلی طور پر امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا عنوان باندھ کر دعوت دین کے حوالے سے احکام دین کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ ان میں سب سے اہم مجموعے احادیث ہیں، جن میں کتب و ابواب کی شکل میں محدثین جامع عنوان باندھ کر احکام دین کو مربوط انداز میں بیان کرتے ہیں۔

کتب احادیث کے جائزے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ علم حدیث کی بیشتر کتب میں دعوتِ دین کو مستقل یا ضمنی عنوان کے طور پر بیان نہیں کیا گیا۔ حدیث کی ایسی کتب جن میں دعوتِ دین یا امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو کسی بھی عنوان کے تحت ذکر نہیں کیا گیا، ان میں سے بعض معروف کتابوں کے نام یہ ہیں: **الصحيح للبخاري، الموطّأ، سنن النسائي، المصنّف لعبد الرزّاق، المصنّف لابن أبي شيبة، الإقناع لابن منذر، سنن الدار قطني، السنن الكبرى للبيهقي، العمدة في الأحكام، الإلمام بأحاديث الأحكام، المنتقى في الأحكام الشرعية من كلام خير البريّة، بلوغ المرام من أدلّة الأحكام، فتح العلّام بشرح الإعلام بأحاديث الأحكام، نيل الأوطار**وغیرہ۔ یہ کتب علمِ حدیث کی مختلف شاخوں سے تعلق رکھتی ہیں، لیکن ان معروف کتابوں میں دعوتِ دین کو کسی بھی مرکزی و ذیلی عنوان کے تحت ذکر نہیں کیا گیا۔

علمِ حدیث کی ایسی کتابیں بھی البتہ موجود ہیں جن میں امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے عنوان کو ضمنی طور پر بیان کیا گیا ہے۔ ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں:

9 –Michael Cook, *Commanding Right and Forbidding Wrong in Islamic Thought* (Cambridge: Cambridge University Press, 2004), 151.

الصحیح للمسلم،[10] **السنن لابن ماجة،**[11] **السنن لأبي داود،**[12] **السنن للترمذي،**[13] **الترغیب والترهیب للأصبهاني،**[14] **الترغیب والترهیب للمنذري،**[15] **ریاض الصالحین،**[16] **الأحکام الشرعیّة الکبری،**[17] **زوائد الأحادیث المختارة،**[18] **مجمع الزوائد ومنبع الفوائد،**[19] **جمع الفوائد من جامع الأصول ومجمع الزوائد للمغربي**[20] وغیرہ۔

فقہ کی کتب میں بھی عام طور پر دعوتِ دین کو کسی بھی عنوان کے تحت ذکر نہیں کیا گیا۔ اس حوالہ سے مختلف فقہی مذاہب کی اہم کتب کے نام یہ ہیں۔ فقہ حنفی میں **المبسوط للسرخسي**، **بدائع الصنائع في ترتیب**

---

10 - مسلم بن الحجاج القشیری، **صحیح مسلم**، کتاب الإیمان، باب الأمر بالإیمان بالله تعالی ورسوله وشرائع الدین، والدعاء إلیه، باب بیان کون النهي عن المنکر من الإیمان، وأن الإیمان یزید وینقص، وأن الأمر بالمعروف والنهي عن المنکر واجبان (سعودی عرب: وزارة الشئون الإسلامیة والأوقاف والدعوة والإرشاد ،۲۰۰۰ء)، ۲۹، ۴۱۔

11 - محمد بن یزید القزوینی ابن ماجہ، **سنن ابن ماجة**، کتاب الفتن، باب الأمر بالمعروف والنهي عن المنکر (الریاض: بیت الأفکار الدولیّة،س ن)، ۴۳۰۔

12 - سلیمان بن إشعث السجستانی ابو داود ، **سنن أبي داود**، کتاب الملاحم، باب الأمر والنهي (دمشق: دار الرسالة العالمیّة،۲۰۰۹ء) ، ۶ :۳۹۱۔

13 - محمد بن عیسی الترمذی، **سنن الترمذي**، کتاب الفتن، باب ما جاء في الأمر بالمعروف والنهي عن المنکر (بیروت: دار الفکر، ۲۰۰۵ء)، ۳۶۰۔

14 - اسماعیل بن محمد الجوزی الاصبہانی، **کتاب الترغیب والترهیب** (قاہرہ: دار الحدیث،۱۹۹۳ء)، ۲۸۷- ۲۹۷۔

15 - عبد العظیم بن عبد القوی المنذری، **الترغیب والترهیب من الحدیث الشریف** (بیروت: دار الکتب العلمیّة، ۲۰۰۳ء)، ۳: ۱۵۷، ۳: ۱۶۴۔

16 - یحییٰ بن شرف النووی، **ریاض الصالحین** (بیروت: المکتب الإسلامي،۱۹۹۲ء) ، ۱۲۳۔

17 - ابو محمد عبد الحق الاشبیلی، **الأحکام الشرعیّة الکبری** (الریاض: مکتبة الرشد،۲۰۰۱ء)، ۳:۲۱۳۔

18 - ضیاء الدین المقدسی، **زوائد الأحادیث المختارة** (بیروت: المکتب الإسلامي،۲۰۱۲ء)، ۲۹۔

19 - علی بن ابی بکر الہیثمی، **مجمع الزوائد ومنبع الفوائد** (بیروت: دار الکتاب العربي،۲۰۰۱ء)، ۷:۲۶۱ -۲۸۰۔

20 - محمد بن محمد بن سلیمان المغربی، **جمع الفوائد من جامع الأصول ومجمع الزوائد** (الریاض: مکتبة الرشد، ۲۰۰۵ء)، ۱۲۷۳۔

الشرائع لعلاء الدين، ردّ المحتار فقہ مالکی میں **المدوّنة الكبرى لسحنون بن سعيد، النوادر والزيادات، مسائل أبي الوليد بن رشد الجدّ، بداية المجتهد ونهاية المقتصد، حاشية الدسوقي على الشرح الكبير** فقہ شافعی میں **الأم، تحفة المحتاج إلى أدلّة المنهاج، مغني المحتاج، نهاية المحتاج** ، فقہ حنبلی میں **المغني لابن قدامة، الكافي لابن قدامة، المقنع لابن قدامة، الإنصاف في معرفة الراجح من الخلاف** جعفری فقہ میں **المبسوط للطوسی**اور ظاہری فقہ میں **المحلّى بالآثار** فقہ کی ان تمام کتابوں میں دعوتِ دین کو مرکزی یا ضمنی، کسی بھی عنوان کے تحت ذکر نہیں کیا گیا۔

فقہ کی طرح فقہی تفاسیر بھی ہماری علمی تراث کا ایک اہم جزو ہیں۔ ان تفاسیر میں ہمیں دعوتِ دین کے حوالے سے چند عنوانات ملتے ہیں۔ مثال کے طور پر **أحكام القرآن للجصّاص،**[21] **أحكام القرآن،**[22] **اللباب في علوم الكتاب،**[23] **التفسيرات الأحمديّة**[24] وغیرہ میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے تحت چند عنوان باندھے گئے ہیں۔

اسرارِ دین کی معروف کتاب **إحياء علوم الدين** میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے بارے میں ضمنی مباحث موجود ہیں؛[25] جب کہ شاہ ولی اللہ کی **حجة اللـه البالغة** میں اس حوالے سے بحث نہیں ملتی۔

ہمارے اس تجزیے پر صاد فہارس کی وہ معروف کتب کرتی ہیں جن میں دعوتِ دین کے حوالے سے کسی کتاب کا تذکرہ نہیں ملتا۔ ان میں ابن ندیم کی **الفهرست** اورنواب

---

21 - ابو بکر احمد بن علی الرازی الجصاص، **أحكام القرآن** (بیروت: دار إحياء التراث العربي،۱۹۹۲ء)، ۲:۳۱۵، ۴:۱۵۴۔

22 - عماد الدين بن محمد الطبري الكيا الهراسى، **أحكام القرآن**(بيروت: دار الكتب العلمية،۱۹۸۳ء) ، ۱:۳۰۱۔

23 - ابو حفص عمر بن علی بن عادل الدمشقی، **اللباب في علوم الكتاب**(بيروت: دار الكتب العلمية،۱۹۹۸ء)، ۲:۳۰، ۵:۴۵۰۔

24 - احمد الصديقى ملا جیون، **التفسيرات الأحمدية** (قازان، روسيا: مطبعة خاريطونف،۱۹۰۴ء) ، ۱۴۳- ۱۴۵۔

25 - ابو حامد محمد بن محمد الغزالی، **إحياء علوم الدين** (جدة: دار المنهاج،۲۰۱۱ء)، ۱:۵۱۱، ۱:۷۱۱، ۴:۲۷۳، ۴:۵۳۵۔

صدیق حسن کی **أبجد العلوم** جیسی اہم اور بنیادی کتابیں شامل ہیں۔

برصغیر میں احیاے اسلام کے فکری تناظر میں خود مولانا مودودی وہ شخصیت تھے جنھوں نے دعوت دین کے طریق کار کو جزوی طور پر اپنی ایک تقریر میں سن 1946 میں موضوع بحث بنایا۔یہ تقریر بعد میں ایک کتابچے کی شکل میں"شہادت حق" کے عنوان سے شائع ہوئی۔اس میں وہ بتاتے ہیں کہ دنیا تک اسلام کی دعوت پہنچانے کا طریقہ ان کے نزدیک دنیا پر حق کی شہادت دینا ہے۔ یہ شہادت مسلمانوں کو اپنے قول سے بھی دینی ہے۔اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم دنیا کو دین کی تعلیم سے روشناس کریں اور ان کی ہدایت کے لیے ایسے ہی فکرمند رہیں جیسے انبیا رہا کرتے تھے۔جب کہ شہادت کا دوسرا طریقہ عملی ہے جس میں مسلمانوں کو اپنے عمل سے اسلام کی تعلیمات پر عمل کرکے یہ شہادت دینی ہے۔ اس عملی شہادت کی تکمیل اسی وقت ہوسکتی ہے جب مسلمان ایک اسٹیٹ اسلام کے اعلیٰ اصولوں پر قائم کرکے اسی کے مطابق دنیا کے سامنے ایک نمونہ پیش کریں۔[26]

مولانا امین احسن اصلاحی کے کام کی نوعیت

مذکورہ بالا تجزیے سے یہ بات ظاہر ہے کہ مولانا اصلاحی سے قبل دعوت دین کے موضوع پر مستقل کتب شاذ ہی لکھی گئیں۔ جوزیادہ تر کام ہوا وہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے ایک خاص شرعی حکم کے عنوان سے ہوا، جب کہ دعوت دین ایک بہت جامع اور وسیع تر موضوع ہے۔

چناں چہ اس پس منظر میں مولانا امین احسن اصلاحی نے دعوت دین کے طریق کار کے موضوع پر ایک مفصل کتاب **دعوت دین اور اس کا طریق کار** لکھ کر مسلمانوں کے علمی لٹریچر میں ایک منفرد کام کا اضافہ کیا۔ انھوں نے اس موضوع کے حوالے سے بہت سے ایسے مباحث کو اٹھایا جو اس سے قبل کبھی زیر بحث نہیں آئے تھے۔ دورجدید میں دعوت دین کے حوالے سے کیا جانے والا کوئی بھی علمی کام مولانا اصلاحی کے لٹریچر سے صرفِ نظر کرکے نہیں کیا جاسکتا۔اس

---

26 – سید ابو الاعلیٰ مودودی، **شہادت حق** (لاہور:اسلامک پبلی کیشنز ،2000ء)،-1012۔

پس منظر میں بعض اہل علم کی رائے ہے کہ دعوت اسلامی کے فلسفہ پر تحریکات اسلامیہ کے پورے لٹریچر میں اس جیسی کوئی اور کتاب موجود نہیں ہے[27]

اصلاحی خود اپنی کتاب کے مقدمہ میں کتاب کی نوعیت کو واضح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> اس کتاب میں انبیائے کرام کا طریقہ تبلیغ میں نے تفصیل کے ساتھ سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ اس زمانے میں جس طرح دین کا مفہوم لوگوں کے ذہن میں ادھورا اور ناقص ہے، اسی طرح دین کی تبلیغ کا مفہوم بھی بہت ہی محدود اور غلط ہے۔ میں نے اس کتاب میں دین کو بحیثیت ایک نظام زندگی کے (جیسا کہ وہ فی الواقع ہے)سامنے رکھا ہے۔اسی حیثیت سے اس جدوجہد کے تمام تقاضوں اور اس کے تمام مراحل کی تفصیل کی ہے جو اس نظام کو برپا کرنے کے لیے اختیار کرنی پڑتی ہے۔[28]

مولانا امین احسن اصلاحی کے حالات زندگی

مولانا امین احسن اصلاحی کا سن پیدائش1904ء اور مقام پیدائش اعظم گڑھ، ہندوستان تھا۔ ابتدائی تعلیم گاؤں کے مکتب میں حاصل کی۔دس برس کی عمر میں آپ کو مدرسۃ الاصلاح میں داخل کرادیا گیا، جو ان کے گاؤں سے چند میل کے فاصلے پر واقع ایک قصبہ سرائے میر میں قائم تھا۔ اسی مدرسے کی نسبت سے آپ بعد میں اصلاحی کہلائے۔یہاں آپ نے دینی علوم کے علاوہ مسلم ہندوستان میں مروجہ زبانوں یعنی اردو، فارسی اور خاص کر عربی زبان کی تحصیل کی؛جب کہ بعد میں اس مدرسے میں تدریس کے دوران انگریزی زبان بھی سیکھ لی۔ آٹھ برس تک یہاں تحصیل علم میں مشغول رہنے کے بعد اٹھارہ برس کی عمر میں مولانا اصلاحی نے اپنی عملی زندگی کا آغاز 1922ء میں کیا جب وہ سہ روزہ **مدینہ**، بجنور میں نائب مدیر مقرر ہوئے۔ اس کے علاوہ انہوں نے بچوں کے ایک رسالے **غنچہ** کی ادارت بھی کی ۔ جب کہ ہفت روزہ **سچ**، جو ان کے مدرسے کے استاد مولانا عبدالرحمٰن نگرامی اور معروف عالم مولاناعبدالماجد

---

27 – غطریف ندوی، **فکر اسلامی کا ارتقاء اورمولانا امین احسن اصلاحی** (لاہور:اشراق،2010ء)،3: 65۔

28 – امین احسن اصلاحی، **دعوت دین اور اس کا طریق کار** (لاہور: فاران فاؤنڈیشن ،1997ء)،14۔

دریاآبادی کا مشترکہ اخبار تھا، میں بھی کام کیا۔ 1925ء میں جب اپنے زمانے کے نام ور مفسر قرآن مولانا حمید الدین فراہی نے انھیں واپس مدرسۃ الاصلاح،اعظم گڑھ لوٹ آنے اور ان سے قرآن مجید پڑھنے اور سیکھنے کی دعوت دی، تو انھوں نے اپنا صحافتی کیرئیر بیچ میں چھوڑا اور واپس لوٹ آئے۔ اس کے بعد مولانا حمید الدین فراہی کی وفات، یعنی 1930ء تک ، انھوں نے پانچ سال مسلسل روز وشب ان کی خدمت میں رہ کر ان سے قرآن مجید سیکھا۔[29]

مولانا فراہی کے بعد ان کی خواہش تھی کہ قرآن کی طرح حدیث بھی کسی بڑے محدث سے پڑھیں۔ چناں چہ اس مقصد کے لیے اپنے زمانے کے نام ور محدث مولانا عبدالرحمن مبارک پوری کی خدمت میں حاضر ہوکر اصول حدیث میں **نخبۃ الفکر**اورکتب احادیث میں سے **سنن ترمذی** پڑھی۔ مولانا مبارک پوری جو اس زمانے میں **ترمذی** کی شرح **تحفۃ الاحوذی** کے نام سے لکھ رہے تھے، اس کتاب کے رجال کی تحقیق کا کام ان سے کرایا۔ اس سے مولانا سند کی تحقیق اور راویوں کی جرح و تعدیل کے اصولوں سے بھی پوری طرح آگاہ ہوگئے۔[30]

اس عرصے میں انھوں نے مدرسۃ الاصلاح میں تدریس کے ساتھ مولانا فراہی کی کتب کے اردو ترجمے اور کتابوں کی اشاعت کے کام کے لیے 'دائرہ حمیدیہ' کے نام سے ادارہ بنایا اور ان کے علوم کی اشاعت کے لیے **الاصلاح** کے نام سے ایک رسالہ جاری کیا۔[31]

1941ء میں جماعت اسلامی بنی تو مولانا منظور نعمانی کی دعوت پر اس میں شامل ہوگئے اور یوپی کے شہر الٰہ آبادکے علاوہ گورکھپور،بنارس، فیض آباد اور صوبہ بہار کے علاقے کے لیے جماعت کے نائب امیر مقرر ہوئے۔[32] جماعت

---

29 – شرف الدین اصلاحی، **ذکر فراہی**(لاہور:دارالتذکیر،2002ء)، 570۔

30 – خالد مسعود، **مرد حر کی رحلت** (لاہور:اشراق،1998ء)،1: 105۔

31 – اصلاحی ، **ذکر فراہی**،574۔

32 – چودھری غلام محمد،"تاریخ جماعت اسلامی: تاسیسی پس منظر"مشمولہ **تذکرہ سید مودودی**،ترتیب: جمیل احمد رانا،سلیم منصور خالد (لاہور: ادارہ معارف اسلامی، 1998ء)،1:253۔

اسلامی سے اسی تعلق کی بنیاد پر وہ تقسیم ہند کے بعد پاکستان کے شہر لاہور منتقل ہوگئے اور خود کو جماعت اسلامی کی ذمہ داریوں کے لیے وقف کردیا۔ سترہ برس کی رفاقت کے بعد 1958ء میں بعض اختلافات کی بنا پر انھوں نے جماعت اسلامی سے استعفیٰ دے دیا۔اس کے بعد باقی ساری زندگی وہ علمی اور تصنیفی کاموں میں مصروف رہے۔مولانا اصلاحی نے ترانوے برس کی طویل عمر پائی اور 1997ءمیں لاہورمیں ان کا انتقال ہوا۔

”دعوت دین اور اس کا طریق کار“ کے مباحث کا اجمالی جائزہ

دعوت دین کے حوالے سے مولانا اصلاحی کےکام کی جامعیت ان کی کتاب **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے مباحث پر ایک تفصیلی نظر ڈالے بغیر واضح نہیں ہوسکتی۔ یہ کتاب ایک مختصر دیباچہ اور چودہ ابواب پر مشتمل ہے۔اس کتاب میں مولانا اصلاحی نے بہت تفصیل اور شرح و وضاحت کے ساتھ اسلام میں دعوت دین کے طریق کار کے اہم پہلوؤں کا جائزہ لیا ہے۔ ان پہلوؤں کو اگر کتاب کے مباحث کے لحاظ سے جامع عنوانات کے تحت مرتب کیا جائے تو مولانا اصلاحی کے اس کام کو درج ذیل عنوانات کے تحت پیش کیا جاسکتا ہے ۔

1– دعوت کےطریق کارسے متعلق مباحث
2– داعی اور دعوت کی خصوصیات سے متعلق مباحث
3– دعوت کے مخاطبین سے متعلق مباحث
4– فلسفہ دعوت اورمراحل دعوت سے متعلق مباحث

ان میں سے آخری تین عنوانات پر ہم تفصیل سے، جب کہ پہلے عنوان سے متعلق مباحث پر اختصار سے گفت گو کریں گے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ دعوت دین کے طریق کار سےمتعلق مباحث کے بارے میں بالبداہت یہ بات واضح ہے کہ ان میں تبلیغ کے طریقوں ہی کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ باقی تین عنوانات ہیں، جن سے یہ اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ مولانا اصلاحی نے دعوت دین کے ا س موضوع پر کس تفصیل میں

جاکر قلم اٹھایا اور کن اہم معاملات کا احاطہ کیا ہے۔

1- دعوت کے طریق کار سے متعلق مباحث

دعوت دین کے طریق کار کےضمن میں مولانا اصلاحی نے تین بنیادی مباحث اٹھائے ہیں۔ایک یہ کہ مروجہ طریقہ تبلیغ میں کیا علمی اور عملی غلطیاں پائی جاتی ہیں۔[33] دوسرے یہ کہ صحیح طریقہ کاراور شرائط دعوت کیا ہیں۔[34] اور تیسرے یہ کہ بدلتے ہوئے زمانے میں دعوت دین کن طریقوں سے دی جانی چاہیے۔[35]

2- داعی اور دعوت کی خصوصیات سے متعلق مباحث

مولانا اصلاحی کی کتاب **دعوت دین اور اس کا طریق کار** میں بیان کردہ بہت سے مباحث کا تعلق اس بات سے ہے کہ داعی کو اپنی دعوت کس طرح پیش کرنی چاہیے۔ اس حوالے سے وہ درج ذیل مباحث اٹھاتے ہیں۔

قوم کی لیڈرشپ سے خطاب

اصلاحی نے اس بات کو نمایاں کیا ہے کہ حضرات انبیاء جب اپنی دعوت دیتے تھے تو سب سے پہلے معاشرے کے بالا دست طبقات کو مخاطب کرتے تھے۔ وہ قرآن مجید میں بیان کردہ پیغمبروں کےواقعات اور قدیم صحف سماویہ میں مذکور انبیا کے حالات اور سیرت نبوی کی مثالوں سے یہ واضح کرتے ہیں کہ ان تمام انبیا نے سب سے پہلے اپنے زمانے کے ارباب اقتدار کو اپنی دعوت کا مخاطب بنایا اور ان کی کوتاہیوں کو ہدف تنقید بنایا۔ جب یہ طبقات دعوت کو رد کردیتے ہیں، تب ہی انبیا اپنی دعوت کا رخ عام لوگوں کی طرف کرتے ہیں۔ لیڈرشپ کے برعکس ان کی دعوت عوام میں پذیرائی حاصل کرتی ہے۔ اس کے بعدوہ بڑی تفصیل سے ان وجوہات پر روشنی ڈالتے ہیں جن کی بنا پر انبیا معاشرے کی لیڈر شپ کو

---

33 – یہ بحث **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے پہلے باب "مروجہ طریقہ تبلیغ کی غلطیاں" میں کی گئی ہے۔

34 – ان مباحث پر **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے دوسرے باب "تبلیغ کس لیے" اور پانچویں باب "دعوت دین میں تدریج " میں گفت گومیں کی گئی ہے۔

35 – یہ بحث **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے چھٹے باب "دعوت کے طریقے" میں کی گئی ہے۔

ترتیب میں ہمیشہ پہلے رکھتے تھے۔ ان وجوہات میں انبیا کا اپنی دعوت کے بارے میں یہ یقین ہونا کہ وہ ایک برتر سچائی پیش کررہے ہیں، جو کسی بھی بالا تر فرد اور گروہ سے بھی بلند سچائی ہے؛ اشرافیہ کی اچھائی اور برائی کا معاشرہ پر عام لوگوں کے برعکس کہیں زیادہ اثر انداز ہونا؛ ان کا سیاسی، مالی اور ذہنی طور پر فائق ہونا وغیرہ شامل ہیں۔[36]

انبیا کا طریقہ خطاب

مولانا اصلاحی اس بحث میں یہ بتاتے ہیں کہ انبیا ؑ جن حالات میں تشریف لاتے ہیں، ان میں سوائے ان کی ذات کے حق کہیں اور موجود نہیں ہوتا۔ ایسے میں وہ اگر چاہیں تو اپنے پیغام کاآغاز ہی "اے کافرو"! یا "اے مشرکو!" کے کلمات سے کرسکتے ہیں۔ مگر وہ یہ نہیں کرتے بلکہ لوگوں کو میری قوم! "اے انسانو!"، "اے لوگو!"، "اے اہل کتاب"، "اے لوگوجو یہودی ہوئے یا نصرانی ہوئے" جیسے خطابات سے کرتے ہیں۔وہ آخری وقت تک لوگوں کو اسی طرح مخاطب کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ وقت آجاتا ہے۔ جب قوم پر اتمام حجت کے بعد وہ ہجرت کرجاتے ہیں۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے۔ جب قوم ساری بات سمجھنے کے بعد بھی اپنے کفر وشرک پر قائم رہتی ہے۔ چناں چہ اس گم راہی پر اڑے رہنے والے لوگوں کے لیے ہی پھر کافرومشرک کے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔

وہ اس بات کوحضرت ابراہیم ♦ اور رسول اللہ ﷺ کی سیرت سے واضح کرتے ہیں۔ساتھ میں یہ حقیقت بھی نمایاں کرتے ہیں کہ انبیا اپنے مخاطبین کے کفر کے باوجود شروع میں بوجوہ انھیں کافر نہیں کہتے لیکن کفر کو کفر ، شرک کو شرک اور گم راہی کو گم راہی قرار دینے میں وہ کبھی مداہنت نہیں کرتے۔[37]

دعوت کی زبان

اس بحث میں مولانا اصلاحی دعوت کی زبان اور داعیانِ حق کا طرزِ کلام بیان کرتےہیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ داعی کی

---

36 – یہ بحث **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے تیسرے باب "انبیائے کرام پہلے کن کو مخاطب کرتے ہیں" میں کی گئی ہے۔

37 – یہ بحث **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے چوتھے باب "انبیائے کرام کا طریقہ خطاب" میں کی گئی ہے۔

ذمہ داری کئی پہلوؤں سے ان عام لوگوں سے مختلف ہوتی ہے جو عوام تک اپنی بات کا ابلاغ کرتے ہیں۔خطبا، شعرا، مقررین،مصنفین،اخبار نویس وغیرہ اپنے کلام میں جو خصوصیات پیدا کرکے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں جیسے بے معنی لفاظی، بے مقصدقافیہ پیمائی،مبالغہ آرائی، ہوس ناکی،کہانیاں، جھوٹ اور فریب وغیرہ، ایک داعی حق کسی طرح بھی ایسی چیزوں کو گوارا نہیں کرسکتا۔

اس سے آگے بڑھ کر جو زبان فلسفہ وریاضی یا علمی، قانونی، تاریخی مضامین کے بیان میں استعمال ہوتی ہے، داعی کا پیغام ان سب چیزوں سے بلند ہوتا ہے۔ اس کا مخاطب بھی معاشرہ کاکوئی خاص طبقہ نہیں بلکہ ہر ہر طبقہ ہوتا ہے۔ مزید یہ کہ دعوت اس کا پیشہ یا شوق نہیں بلکہ زندگی اور موت کا مسئلہ ہوتا ہے۔ وہ نہ تو بات ایک دفعہ کہنے پر رکتا ہے اورنہ خود پر سے ایک ذمہ داری اتارنے کے لیے کلام کرتا ہے۔ اسے بار بار بات پیش کرنا ہوتی ہے اور اس طرح پیش کرنا ہوتی ہے کہ جس کے اندر قبول حق کی ادنیٰ گنجائش بھی ہو، وہ یہ دعوت قبول کرلے اور کوئی شخص ایسا نہ رہے جسے اس کی بات کا کوئی پہلو سمجھنے میں کوئی دقت پیش آئے۔

چناں چہ یہی وہ پس منظر ہے جس میں انبیا کا کلام ہمیشہ بڑا موثر اور دل پذیر کلام رہا ہے اور وہ ان تمام نقائص سے پاک ہوتا ہے جو سطحی کلام کرنے والوں کا خاصہ ہوتا ہے۔ اس ابتدائی بحث کے بعد مصنف انبیا کے اس کلام کی خصوصیات بیان کرتے ہیں ۔یعنی یہ انبیا قوم سے اس کی زبان میں خطاب کرتے ہیں؛ ان کا کلام، کلام مبین ہوتا ہے جو مخاطب تک ان کی بات واضح انداز میں پہنچادیتا ہے؛ ان کی دعوت میں دردمندی اور دل سوزی پائی جاتی ہے جو لوگوں کے جذبات کو اپیل کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے؛ وہ اپنےپیغام کوبار بار دہراکر اتنے مختلف اسالیب سے مخاطبین تک پہنچاتے ہیں کہ معاشرہ کا ہر فرد اور ہر گروہ کبھی نہ کبھی بات کو ضرور سننے پر آمادہ ہوجاتا ہے۔مگر اس کے باوجود ان کی دعوت ہمیشہ غیر متعلق چیزوں سے دور رہتی

ہے۔ وہ ہمیشہ مخاطب کے احساسات کا لحاظ کرکے گفت گو کرتے ہیں اور کبھی اس کے تعصبات کو نہیں بھڑکاتے۔[38]

طرز استدلال

مولانا اصلاحی انبیا کے طرزِاستدلال کو بھی واضح کرتے ہیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ انبیا مجادلانہ،الزامی،خطابی اور شاعرانہ انداز میں استدلال کرتے ہیں اور نہ تحکم اور مغالطہ سے لوگوں کو اپنے نقطہ نظر کی طرف بلاتے ہیں۔ان کے پیش نظر لوگوں کو چپ کرانا، مسحور کرنا یا اندھے بہرے بناکر کسی خاص راستے پر ڈالنا نہیں ہوتا۔ ان کی دعوت ایمان کی دعوت ہوتی ہے۔ یہ ایمان انسان کے اندر کو زندگی دیتا ہے۔ یہ ایمان جب تک دل کے اندر راسخ نہ ہو، کسی طور ان تقاضوں کو نہیں نبھا سکتا جو ایمان لانے کے بعد زندگی کے امتحان میں درپیش ہوجاتے ہیں۔

پھر وہ استدلال کی خصوصیات بھی بیان کرتے ہیں کہ یہ منطقی یا فلسفیانہ نہیں بلکہ فطری استدلال ہوتا ہے۔اس میں قدر مشترک تلاش کی جاتی ہے۔ غلط مسلمات پر استدلال سے پرہیز کیا جاتا ہے۔الزامی طریقہ اختیار نہیں کیا جاتا، بلکہ ایک ایسا سادہ فطری استدلال ہوتا ہے جو مخاطب میں فکر صالح کی تخم ریزی کرتا ہے۔[39]

مخاطب کی نفسیات کا لحاظ

مولانا اصلاحی اس چیز کو بھی واضح کرتے ہیں کہ دعوت دین کے کام میں دعوت کے مخاطبین کی نفسیات کا لحاظ ضروری ہے،جس طرح فصل اگانے کے لیے بیج کے ساتھ ساتھ زمین کی سازگاری اور موسم کی موافقت ہونا بھی ضروری ہے۔ اسی طرح دعوت دین کی قبولیت کے لیے ضروری ہے کہ مخاطب تک بات اس کی نفسیات کا لحاظ کرکے پہنچائی جائے۔اس چیز کا اہتمام نہیں ہوگا تو دعوت محض اپنی خوبیوں کے بل بوتے پر مخاطب کے دل و دماغ میں جگہ نہیں بناسکے گی۔اس بحث میں وہ سیرت انبیا کی روشنی میں کچھ بنیادی اصول اخذ کرکے ان کو بیان کرتے ہیں۔جیسے مخاطب کے مقام و مرتبہ کا لحاظ رکھنا؛اس کی طلب و

---

38 – یہ بحث **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے ساتویں باب ”دعوت کی زبان اور داعیان حق کا طرزِ کلام“ میں کی گئی ہے۔

39 – یہ بحث **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے آٹھویں باب ”انبیائے کرام کا طرزاستدلال“ میں کی گئی ہے۔

استعداد کو سامنے رکھنا؛ بات کو آسان پہلو سے پہنچانا؛ ان کی حمیت کو بھڑکانے سے پرہیز کرنا؛مناظرے سے بچنا،اس کی مشغولیت کے موقع پر اسے مخاطب نہ کرنا؛مگر جب وہ سننے پر آمادہ ہوتو پوری طرح بات پہنچانا؛بات کو مختصر اور جامع رکھنا؛ اور کوئی نہ ماننے پر آمادہ ہوتو ردعمل کی نفسیات سے پرہیز کرنا۔ ان میں سے ہر چیز کو وہ سیرت انبیا کی مثالوں کی روشنی میں سمجھاکر اپنی بات کو پوری طرح واضح کرتے ہیں۔[40]

انبیا کا طریق تربیت

مولانا اصلاحی ایک اہم بحث یہ بھی اٹھاتے ہیں کہ جن لوگوں نے دعوت حق کو قبول کرلیا ہے، ان کی تربیت کیسے کی جائے ۔ اصلاحی صاحب دعوت کو بیج بونے کے عمل سے تعبیر کرتے ہیں اور پھر کسان کی تمثیل سے یہ بتاتے ہیں کہ کسان بیج بوکر فارغ نہیں بیٹھ جاتے، بلکہ فصل کے بارآور ہونے تک ہر ہر قدم پر وہ ساری ذمہ داریاں نبھاتے ہیں جن کے بغیر کوئی بھی بیج اپنی پیداوار دیے بغیر ہی فنا ہوجائے گا۔ یہی معاملہ تربیت کا ہے، جس کے بغیر دعوت کبھی اپنا مقصد حاصل نہیں کرسکتی۔

اس پس منظر میں اصلاحی صاحب حضرات انبیا کے طریقہ کی روشنی میں تربیت کے چند اصول بیان کرتے ہیں : تربیت کے معاملہ میں جلدی نتائج حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے؛ منکرین کے لیے پریشان ہونے کے بجائے ان لوگوں پر توجہ رکھی جائے جو دعوت قبول کرچکے ہوں؛ جماعت میں کسی فتنہ انگیزی اور شرارت کی صورت میں رواداری سے کام نہ لیا جائے؛ لوگوں کو دعوت کے مرکز سے جڑے رہنے کی تلقین کی جائے ؛ جب کسی مخلص آدمی سے غلطی ہوتو اسے اس کی کم زوریوں پر توجہ دلائی جائے۔[41]

داعی حق کی ذمہ داری

داعی اور دعوت کی خصوصیات سے متعلق مباحث میں ایک آخری بحث داعی کی ذمہ داری کے حوالے سے ہے۔اس

---

40 – یہ بحث **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے نویں باب "مخاطب کی نفسیات کا لحاظ" میں کی گئی ہے۔

41 – یہ بحث **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے دسویں باب "انبیائے کرام کا طریق تربیت" میں کی گئی ہے۔

میں وہ بتاتے ہیں کہ داعی کی ذمہ داری صرف بات پہنچانا ہے۔ لوگ مانتے ہیں یا نہیں، یہ نہ اس کا مسئلہ ہے نہ یہ اس کا اختیار ہے۔چناں چہ اسے ہمیشہ لوگوں کے ردعمل سے بے نیاز رہ کر اپنی دعوت لوگوں تک پہنچانی چاہیے۔اس کی مشکلات میں اسے مایوس ہونے کے بجائے نصرت الٰہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ اپنی دعوت کے ابلاغ کے بجائے اگر وہ لوگوں کو بدلنے پر توجہ کرے گا تو عین ممکن ہے کہ باطل سے سمجھوتا کرنا پڑے۔ دوسرے یہ کہ دعوت کے کام کے حوالے سے خود اس کی یک سوئی متاثر ہوسکتی ہے۔[42]

3- مدعو اور مخاطبین کی نوعیت

ہماری قائم کردہ ترتیب میں اگلا عنوان وہ ہے جس میں مولانا اصلاحی دعوت کے مخاطبین کی تفصیل کرتے ہیں۔ اس میں وہ دعوت حق کے مخالفین اور موافقین کے مختلف گروہوں کو تفصیل کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

دعوت حق کے مخالفین

اصلاحی صاحب دعوت حق کے مخالفین کو تین گروہوںمیں تقسیم کرتے ہیں، یعنی معاندین، متربصین اور مغفلین۔ وہ اس چیز کو واضح کرتے ہیں کہ ایک داعی کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ ان تمام گروہوں سے جدا جدا طریقے سے معاملہ کرے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان میں سے ہر گروہ اپنی خاص نفسیات اور خصوصیات رکھتا ہے۔ اگر ایک داعی تمام مخالفین کو ایک ہی طرح سے لے گا اور ایک ہی طرح سے ان کے ساتھ معاملہ کرے گا، تو اس کی دعوت میں سخت مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ اس پس منظر میں وہ ایک ایک گروہ کو لے کر اس کی خصوصیات الگ الگ تفصیل کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

پہلے وہ معاندین کو لیتے ہیں۔ معاندین وہ لوگ ہوتے ہیں جو دعوت کے خلاف علانیہ اور پوری قوت کے ساتھ اٹھ جاتے ہیں اور ہر طریقے سے اس کو ناکام بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس گروہ کی مخالفت کے کئی اسباب ہوسکتے ہیں لیکن اصلاحی صاحب تین اسباب کو بنیادی قرار دیتے ہیں۔ ایک حمیت جاہلیت، دوسرا استکبارو حسد اور تیسرا

---

42 – یہ بحث **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے گیارہویں باب ”داعی حق کی ذمہ داری“ میں کی گئی ہے۔

مفاد پرستی۔تینوں کی مخالفت یک ساں شدت کی ہوتی ہے۔ لیکن رویے میں کچھ فرق ہوتا ہے۔ جیسے حمیت جاہلیت کا شکار لوگ مخالفت میں اس اخلاقی پستی میں نہیں گرتے جس حد تک مفاد پرستی کا شکار لوگ گرجاتے ہیں۔

دوسرا گروہ متربصین کا ہوتا ہے۔ یہ گروہ نہ مخالفت میں پیش پیش ہوتا ہے اور نہ دعوت حق کو اختیار کرتا ہے۔ یہ دیکھو اور انتظار کرو کی پالیسی کو اختیار کرتا ہے۔ اس رویے کی وجہ اصلاحی صاحب ان کی اخلاقی کم زوری اور عقلی ضعف دونوں کوقرار دیتے ہیں۔ یعنی نہ ان میں اتنی جرأت ہوتی ہے کہ حق کا حق ہونا محسوس کرکے اس کا پوری طرح ساتھ دیں اور نہ ان میں اتنی ذہنی صلاحیت ہوتی ہے کہ دلائل حق کا مطالعہ کرکے دعوت کی سچائی کو محض دلیل کی بنیاد پر مان لیں۔یہ اپنا فیصلہ آخری وقت کے لیے چھوڑ دیتے ہیں اور حق و باطل میں سے جس گروہ کی فتح ہوتی ہے اسی کے ساتھ ہوجاتے ہیں۔

تیسرا گروہ مغفلین کا ہے۔ یہ عوام الناس کا وہ گروہ ہوتا ہے جسے اپنی ضروریات زندگی کی فراہمی کے لیے کی جانے والی جدوجہد ہی سے اتنی فرصت نہیں ملتی کہ وہ اجتماعی خیر و شر اور معاشرے کے بناؤ اوربگاڑ کے بارے میں کچھ سوچ سکے۔ یہ لوگ مالی طور پر اور عقلی طور پر معاشرے کےپست طبقات ہوتے ہیں۔ اور اپنی سوچ میں معاشرے کے غالب طبقات کے اندھے پیرو ہوتے ہیں۔

یہ کسی دعوت حق کو محض عقلی بنیاد پر قبول کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے اور ہر معاملے میں اپنے رہ نماؤں کی طرف دیکھتے ہیں۔ جب ان کے رہ نما دعوت حق کے خلاف اٹھتے ہیں تو اس وقت ان کے لیے بھی دعوت حق ایک مسئلہ بن جاتی ہے اور پہلی دفعہ یہ اس سے متعارف ہوتے ہیں۔ یہ تعارف ابتدا میں اگرچہ منفی نوعیت کا ہوتا ہے مگر جب ان کے سامنے داعیان حق کا کردار اور ان کی بات کی سچائی مختلف پہلوؤں سے آتی ہے تو ان میں سے کچھ لوگ جو اخلاقی طور پر بلند ہوتے ہیں دعوت حق کو آگے بڑھ کر قبول کرلیتے ہیں۔ حق و باطل کا معرکہ جیسے جیسے شدت اختیار کرتا ہے ان کے سامنے دونوں طرف کے نمائندہ لوگوں کا کردار اور سیرت بالکل واضح ہوکر سامنے آنے لگتی ہے۔ جس کے بعد وہ دعوت حق سے متاثر ہونے لگتے ہیں اور تقلید کی

بندشیں کھلنے لگتی ہیں۔ اس کے بعد یکے بعد دیگرے یہ دعوت کا حصہ بنتے چلے جاتے ہیں۔[43]

دعوت حق کے موافقین

مولانا اصلاحی مخالفین کی طرح دعوت حق کے موافقین کو بھی تین زمروں میں تقسیم کرتے ہیں یعنی سابقین اولین،متبعین باحسان اور ضعفااورمنافقین۔سابقین اولین دعوت حق کو تسلیم کرنے والوں میں سب سے بلند مقام گروہ ہوتا ہے۔یہ لوگ دعوت حق کی صدا بلند ہوتے ہی اس کی طرف سبقت کرکے لپکتے ہیں اور پھر اس کے لیے اپنا سب کچھ داؤں پر لگادیتے ہیں۔ اصلاحی صاحب کے نزدیک دو وجوہات ہیں جن کی بنا پر ان لوگوں میں دعوت حق کو سب سے پہلے آگے بڑھ کر قبول کرنے اور اس کے لیے سردھڑ کی بازی لگادینے کی قوت پیدا ہوجاتی ہے۔ ایک اپنے تعصبات سے بلند ہونا اور دوسرے ان کا بلند اخلاقی کردار، ان دوخصوصیات کی بنیاد پر جیسے ہی حق کی صدا بلند ہوتی ہے یہ تن، من، دھن کی بازی لگاکر اس کو قبول کرتے ہیں اور اس راہ کا ہر جوکھم حوصلے سے برداشت کرتے ہیں۔

دوسرا گروہ متبعین باحسان کا ہے۔ یہ گروہ سابقین اولین کی پیروی میں حق کواختیار کرلیتا ہے۔ یہ سابقین اولین کی طرح عقلی اور اخلاقی طور پر اس درجے بلند نہیں ہوتے کہ حق کو مجرد دلائل کی بنیاد پر اور بالکل اجنبی اور نامانوس ماحول میں بھی قبول کرلیں۔تاہم جب ان پر حق واضح ہوجاتا ہے تو پھر یہ پیچھے مڑ کر نہیں دیکھتے۔ اس راہ میں کوئی تذبذب، ہچکچاہٹ،کم زوری، بزدلی اور منافقت ان کا قدم پھیرنے میں کامیاب نہیں ہوپاتی۔

ایسے لوگوں کو حق کی طرف بلانے کے لیے داعی حق کو خصوصی محنت کرنا پڑتی ہے۔یہ حق کو اس وقت سمجھتے ہیں جب سارے اشکالات کے جواب مل جائیں اور ساری الجھنیں دور ہوجائیں۔ یوں جب عقلی گرہیں بھی کھل جاتی ہیں اور قبول حق کی عملی مثالیں بھی سامنے آجاتی ہیں تو پھر یہ لوگ پوری قوت سے سچائی کے علم بردار بن کر کھڑے

---

43 – یہ بحث **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے بارھویں باب ”دعوت حق کے مخالفین“ میں کی گئی ہے۔

ہوجاتے ہیں اور اپنی قوت و نصرت سے داعیان حق کی پوری طرح مدد کرتے ہیں۔

تیسرا گروہ ضعفا اور منافقین کا ہے، جو اصلاً دو مختلف گروہ ہیں، مگر ظاہری مشابہت کی بنا پر ان کا ذکر ساتھ کیا گیا ہے۔ ضعفا وہ لوگ ہوتے ہیں جو حق کو دل سے قبول کرکے اسی کے مطابق زندگی گزارنا چاہتے ہیں لیکن ان کا عزم و ارادہ اتنا مضبوط نہیں ہوتا کہ وہ اس راہ کی مشکلات کو برداشت کرسکیں۔ چناں چہ وہ بار بار گرتے اور پھسلتے رہتے ہیں۔ تاہم وہ گرکر سنبھلنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں اور باطل کی سمت بڑھنے کے بجائے حق کی سمت لوٹ کر آتے ہیں۔

ان لوگوں کا مسئلہ ذہنی خلجان یا قلبی تشکیک نہیں بلکہ قوت عمل اور قوت ارادی کی کم زوری ہوتا ہے۔ یہ کم زوریاں تربیت سے دور کی جاسکتی ہیں۔ ایک داعی کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ وہ ان کا مسئلہ سمجھ کر ان کی کم زوری کے لحاظ سے ان کی اصلاح کرکے اور توبہ کے راستے پر لاکر استقامت کے ساتھ اس پر چلنا ان کے لیے ممکن بنادے۔

اس گروہ کے برعکس منافقین کا معاملہ یہ ہوتا ہے کہ ان کا دل سچائی کا منکر ہوتا ہے۔ اگرچہ بہ ظاہر وہ زبانی کلامی حق کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جن کا مفاد اسی میں ہوتا ہے کہ حق کا لبادہ اوڑھ کر اپنے مفادات کا تحفظ کیا جائے یا معاشرتی دباؤ سے خود کو بچایا جائے۔یہ لوگ عمل کے معاملے میں صفر ہوتے ہیں لیکن باتیں کرنے میں سب سے آگے ہوتے ہیں۔ حق کے لیے قربانی کے ہر موقع پر دور چلے جاتے ہیں اور فائدے کے موقع پر واپس آجاتے ہیں۔ کبھی خطرات میں شریک بھی ہوں، تو مزید خطرات اپنی حرکتو ں کی وجہ سے پیدا کردیتے ہیں۔اپنی مکروہ حرکتوں اور سازشوں کو جھوٹی قسم کی ڈھال میں چھپانے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ ساری جماعت قبول حق کی صلاحیت سے بے بہرہ ہوتی ہے۔ ہاں کوئی ایسا شخص ہو جو کسی مکر وفریب کی وجہ سے یا اپنی کسی غفلت کی وجہ سے ان میں مل جائے، تو اس کو توبہ کی توفیق ہوسکتی ہے۔ داعی حق کو چاہیے کہ وہ ایسے منافقانہ ذہن کے لوگوں

کو جماعت سے کاٹ کر پھینک دے اور تربیت اور تزکیہ کے پہلو کے سوا ان کو جماعت سے قریب نہ آنے دے۔[44]

4- فلسفہ دعوت اورمراحل دعوت سے متعلق مباحث

فلسفہ دعوت اورمراحل دعوت سے متعلق مباحث میں مولانا اصلاحی نے متعدد اہم نکات پر گفت گو کی ہے۔ جو کہ درج ذیل ہیں۔

دعوت دین کا مقصد

مولانا اصلاحی قرآن مجید کی متعدد آیات، جیسے النساء 165اور المائدہ19 وغیرہ، سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ انبیا کی بعثت کا مقصد انسانوں پر اتمام حجت تھا تاکہ لوگ قیامت کے دن یہ عذر نہ کریں کہ حق و باطل کے معاملہ میں ان کی رہ نمائی نہیں کی گئی اور وہ صرف اپنی لاعلمی کی وجہ سے گم راہی کے اندھیروں میں بھٹکتے پھرے۔چناں چہ اس مقصد کے لیے اللہ تعالیٰ نے ہر دور اور ہر خطے میں اپنے نبی اور رسول انسانوں ہی میں سے اور قوم کی زبان ہی بولتے ہوئے بھیجے تاکہ وہ ان کے لیے نمونہ بن سکیں اور تاکہ حق ان پر کھول کر واضح کردیا جائے۔یہ معاملہ صرف بات پہنچانے تک نہ تھا بلکہ ان انبیا نے اس مقصد کے لیے اپنی زندگیاں لگادیں اور جس دعوت کی طرف لوگوں کو بلایا اس کا عملی نمونہ بن کر دکھایا۔یہ سب اہتمام اس لیے کیا گیا کہ قوم قیامت کے دن یہ نہ کہہ سکے کہ ان تک سچائی نہیں پہنچی اور وہ اپنی خطاؤں کا الزام اللہ تعالیٰ پر نہ ڈال سکیں۔

آخری نبی ﷺ کی عمومی اور خصوصی بعثت

ایک زمانے تک اقوام عالم میں اپنے اپنے علاقوں اور خطوں میں انبیا آتے رہے۔لیکن جب دنیا بین الاقوامی ریاستوں کے اس دور میں داخل ہوگئی کہ لوگ ایک عالم گیر نظام عدل کے تحت رہنے لگے اور تمدن کی ترقی نے یہ ممکن بنادیا کہ ایک رہ نما کا پیغام دنیا بھر تک پہنچ سکے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو بھیجا تاکہ لوگوں کو مکمل نظام زندگی دیا جاسکے۔یہ تفصیل بتاتے ہوئے

---

44 – یہ بحث **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے تیرھویں باب "دعوت حق کے موافقین" میں کی گئی ہے۔

مولانا اصلاحی اس بات کو واضح کرتے ہیں کہ اسلام کو ئی نیا یا جدا دین نہیں، بلکہ اپنے بنیادی عقائد اور تعلیمات میں انبیائے سابقہ کا ہی دین ہے البتہ اسلام ایک قومی مذہب کے بجائے عالمی مذہب کی خصوصیات کا حامل بناکر بھیجا گیاتاکہ تمام بنی نوع انسان کی ضروریات کی تکمیل کرسکے۔

نبی کریم ﷺ کی بعثت کا یہ پہلو تو سابقہ انبیا کی طرح تھا کہ آپ ایک خاص قوم کی طرف بھیجے گئے اور اس قو م میں دعوت سے اتمام حجت تک کے تمام مراحل آپ نے خود سرانجام دیے۔ تاہم اس کے ساتھ آپﷺ کی ایک عالمی بعثت بھی تھی ۔ اس بعثت کی ذمہ داریاں آپﷺ کی امت کو آپﷺ کی طرف سے دی گئیں۔ اس امت پر یہ ذمہ داری ڈالی گئی کہ اس دین کو وہ دوسروں تک پہنچاتے رہیں؛اس کو مولانا اصلاحی نے بعثت عام کا نام دیا ہے۔[45]

دعوت حق کے مراحل

مولانا اصلاحی کے نزدیک ہر دعوت حق کو کامیابی کی آخری منزل تک پہنچنے کے لیے بالعموم تین مرحلوں سے گزرنا پڑتا ہے، یعنی دعوت، ہجرت اور جنگ۔[46] اگرچہ ضروری نہیں کہ کوئی دعوت ان سارے مراحل سے گزرے؛ خاص کر آج کے جمہوری دور میں ممکن ہے کہ کوئی دعوت صرف پہلے مرحلے سے گزر کر کامیابی کی منزل کو پالے۔

پہلا مرحلہ: دعوت

پہلا مرحلہ دعوت کا ہے۔اس کا آغاز لیڈرشپ کو دعوت دینے سے ہوتا ہے، جو عام طور پردعوت کو رد کردیتے ہیں۔البتہ معاشرے کے کم زور طبقات کے کچھ لوگ یا بلند طبقات میں سے کچھ نوجوان اس دعوت کو قبول کرلیتے ہیں۔دعوت رفتہ رفتہ پھیلتی ہے، جس کے ساتھ اس کی مخالفت شروع ہوتی ہے، جو بتدریج بڑھتی چلی جاتی ہے۔ اس دوران سمجھانے بجھانے سے لے کر تشدد اور سمجھوتے سے لے کر لالچ دینے تک تمام مراحل آتے ہیں۔

دوسرا مرحلہ: ہجرت و براء ت

---

45 – ان مباحث پر **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے دوسرے باب "تبلیغ کس لیے" میں گفت گو کی گئی ہے۔

46 – ان مباحث پر **دعوت دین اور اس کا طریق کار** کے چودھویں باب "دعوت حق کے مراحل" میں گفت گو کی گئی ہے۔

یہ دوسرا مرحلہ ہے۔ یہ اس وقت آتا ہے جب قوم پر اتمام حجت ہوچکا ہوتا ہے ، حق ہرشخص پر واضح ہوچکا ہوتا ہے ۔ایسے میں آخر کار قوم کی لیڈر شپ رسولوں پر ہاتھ ڈالنے کا فیصلہ کرلیتی ہے۔اس مرحلے پر قوم سے اعلان براء ت کیا جاتا ہے، یعنی خود کو قوم کا حصہ بنائے رکھنے کے بجائے اپنی اور ان کی شناخت جدا کردی جاتی ہے اور پھر جغرافیائی لحاظ سے بھی وہ جگہ چھوڑ دی جاتی ہے؛اور ایسی جگہ منتقل ہوا جاتا ہے جہاں یہ لوگ اطمینان کے ساتھ اپنے عقائد کے مطابق زندگی گزارسکیں۔انبیاے کرام کے معاملے میں ہجرت کا وقت اور مقام دونوں کا فیصلہ اللہ تعالیٰ کرتے ہیں۔ اس سے پہلے کبھی کسی رسول کے لیے اس جگہ کو چھوڑ کر چلے جانا جائز نہیں ہوتا ۔ بلکہ ایک عظیم پیغمبر حضرت یونس♦ نے اپنے اجتہاد سے یہ فیصلہ کرلیا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب فرمایا اور دوبارہ دعوت کے لیے قوم کے پاس بھیجا۔ البتہ غیر انبیا کے معاملے میں یہ فیصلہ ان کو خود کرنا ہوتا ہے ۔ اس ہجرت کا وقت اورمقام اجتہاد سے طے کیا جاتا ہے۔اس کے لیے اپنے حالات کے اعتبار سے تمام انبیا کی سیرت کا جائزہ لے کر کوئی بھی راستہ اختیار کیا جاسکتا ہے۔

تیسرا مرحلہ :جنگ

مولانا اصلاحی کے نزدیک یہ آخری مرحلہ ہے جس میں اہل حق غالب آجاتے ہیں، البتہ اس کی چند شرائط ہیں جن کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔پہلی یہ کہ جن کے خلاف جنگ کی جائے ان پر حق تبلیغ ادا کرنا ضروری ہے۔دوسری یہ ہے کہ یہ جنگ صالحین کی جماعت لڑے؛ کوئی کرایے کی فوج یہ جنگ نہیں لڑسکتی۔تیسری شرط یہ ہے کہ یہ جنگ ایک بااختیار اور بااقتدار امیر کی قیادت میں لڑی جائے گی۔ اس شرط کی وجہ یہ ہے کہ جنگ کرنے والوں پر امیر کا اقتدار نہیں تو ہر شخص اپنی من مانی کرے گا اور فساد پھیل جائے گا۔چوتھی شرط یہ ہے کہ جنگ کرنے کے لیے مطلوبہ قوت حاصل ہونا شرط ہے۔اس شرط کے لیے مولانا اصلاحی کے نزدیک کوئی خصوصی انتظام ضروری نہیں بلکہ ابتدائی تین شرطیں پوری کرنے ہی سے مطلوبہ قوت خود حاصل ہوجاتی ہے ۔

مولانا اصلاحی کے کام کا تنقیدی جائزہ

مولانا اصلاحی کی کتاب **دعوت دین اور اس کا طریق کار** ان کے علمی کاموں میں ایک اہم اور بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کتاب کے حوالے سے علمی حلقوں میں ایک سوال یہ اٹھایا جاتا ہے کہ اس کتاب کے بعض مباحث سے مولانا اصلاحی نے رجوع کرلیا تھا۔ تاہم ڈاکٹر اسرارمرحوم کے ایک خط سے واضح ہوتا ہے کہ مولانا نے ایسی کسی بات کی تردید کردی تھی۔[47] یہ خط مولانا اصلاحی کے نام ان کی زندگی کے آخری دنوں میں کی گئی ایک ملاقات کے پس منظر میں لکھا گیا تھا۔ چناں چہ یہ بات اعتماد سے کہی جاسکتی ہے کہ مولانا اصلاحی اپنے بیان کردہ تصورات پر آخری وقت تک قائم رہے تھے۔

یہ کتاب دعوت کے حوالے سے دین کے ایک قانون کو بیان کرنے کے لیے نہیں لکھی گئی تھی۔ یہ اصلاً غلبہ اسلام کی جدو جہد کرنے والوں کے لیے بہ طور ایک لائحہ عمل اور بعض معاصر طریقوں کی تنقید میں لکھی گئی تھی۔چناں چہ ایک شخص اس کتاب کو پڑھ کر اگر دعوت دین کے حوالے سے احکام شریعت کو سمجھنا چاہتا ہے تو اسے ایک ترتیب کے ساتھ اس کتاب میں احکام شریعت نہیں ملیں گے۔یہ اس کام کا ایک نقص ہے۔

مزید برآں مولانا اصلاحی کے اس کام کی اساس احیاے اسلام کی وہ فکر تھی جو دین کو ایک مکمل نظام کے طور پر دیکھتی اور دنیا پر اس کے غلبے کی علم بردار تھی۔ آنے والے عشروں میں اس فکر کی علمی اساسات پر قرآن مجید، سیرت انبیا اور اسلاف کے فہم دین کی بنیاد پر سخت علمی تنقیدیں سامنے آئیں۔ ان میں مولانا وحیدالدین خان کی **تعبیر کی غلطی** اور مولانا ابو الحسن علی ندوی کی **عصر حاضر میں دین کی تفہیم وتشریح** نمایاں ہیں۔ایسے میں ضروری ہے کہ اصلاحی صاحب کے کام کا ان دوپہلوؤں سے جائزہ لیا جائے۔

پہلی چیز کو سامنے رکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اصلاحی صاحب کے کام میں یہ بات واضح نہیں ہوپاتی کہ ایک

---

47 –اسرار احمد ، **ڈاکٹر اسرار بنام مولاناامین احسن اصلاحی مرحوم** (لاہور:میثاق،1998)،3: 80۔

فرد جومعاشرےمیں مختلف سماجی حیثیتوں میں موجود ہوتا ہے، دعوت کے حوالے سے اس کی دینی ذمہ داری کیا ہے۔کیا ایک فرد اپنی ہر ہر حیثیت میں یک ساں احکام کا مکلف ہے یا سماجی حیثیت بدلنے کے ساتھ اس کی ذمہ داریوں کی نوعیت بدلتی چلی جاتی ہے؟اسی طرح سماج کے مختلف طبقات اور گروہوں میں سے کس کی کیا ذمہ داری ہے، یہ کتاب اس بات کا جواب بھی نہیں دیتی۔حاکم و رعایا، عامی و عالم کیا دین کی نگاہ میں دعوت کی ذمہ داریوں کے پہلو سے ایک ہی جگہ کھڑے ہیں ؟کیا دین ایک فرد پر وہی ذمہ داری ڈالتا ہے جو مثال کے طور پر ایک عالم یا ایک حکمران کی ہے؟ یہ اور ان جیسے متعدد سوالات بھی اس کتاب کے مطالعے کے بعد ہنوزتشنہ رہتے ہیں۔

دوسرےپہلو کے لحاظ سے دیکھا جائے تو احیائے اسلام کی فکری اساسات پر تنقیدوں کے سامنے آنے کےبعد یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر اس فکر کی اساسات جزوی یا کلی طور پر غلط ثابت ہوتی ہیں تو کیا اس کے نتیجے میں مولانا اصلاحی کے پورے کام کی علمی حیثیت پر سوالات پیدا ہوجاتے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ احیائے اسلام کی فکر دو پہلوؤں سے دعوت دین کے طریق کار پر مبنی لٹریچر کی پشت پر تھی۔ ایک بہ طور محرک کے جس میں مولانا اصلاحی کا لٹریچر اسلام کی دعوت کو دوسروں کے سامنے پیش کرنے کا طریقہ بیان کرتا ہے۔اس پہلو سے ظاہر ہے کہ تنقید کے بعد بھی اس لٹریچر کا اکثر حصہ ہر اعتراض کی زد سے محفوظ رہتا ہے۔ دعوت کے لیے طریقہ خطاب،طرز استدلال،طریق تربیت،طرز کلام، دعوت کے طریقے، دعوت میں تدریج وغیرہ جیسے مباحث فکری اساس پر تنقید کے بعد بھی اپنی جگہ قائم رہتے ہیں۔ دوسرا پہلو احیائے اسلام کی فکرکا اس لٹریچر کے پیچھے بہ طور ایک فکری اساس کےکھڑے ہونا تھا۔ اس پہلو سے مولانا اصلاحی کے کام کے بعض اجزا پر سوالات پیدا ہوجاتے ہیں۔ یہ وہ اجزا ہیں جن میں انبیا ورسل کی دعوت کے ان پہلوؤں کی، جو انھی کے ساتھ خاص محسوس ہوتے ہیں، ان کی تعمیم کردی گئی ہے جیسے دعوت حق کے مراحل۔ اسی طرح دوسرے باب بہ عنوان”تبلیغ کس لیے“ میں جس چیز کو مسلمانوں کا فرض منصبی قرار دیا گیا ہے، اس کا تعلق نبیوں کی شہادت سے ہے نہ کہ تمام مسلمانوں سے۔ اس پہلو سے

یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ کتاب انبیا کی دعوت کے تمام پہلوؤں کو تفصیل کے ساتھ بیان کرتی ہے۔ لیکن ضروری نہیں کہ انبیا کی دعوت کا ہرہر پہلو لازمی طور پر بعدکے مسلمانوں کے لیے بھی دعوت دین کے لحاظ سے ایک دینی مطالبہ بن جائے۔

نتائج و ماحصل

بیسویں صدی میں برصغیر میں جنم لینے والی احیاے اسلام کی فکر کے پس منظرمیں دعوت دین کے طریق کار پر مولانا امین احسن اصلاحی کا کام، جو انھوں نے اپنی کتاب **دعوت دین اور اس کا طریق کار** میں پیش کیا ہے، ا پنی جامعیت کے لحاظ سے بڑی اہمیت کا حامل ہے۔

اس کام میں بڑی خوبی اور جامعیت کے ساتھ انبیاے کرام کی دعوت، اس کا مقصد، فلسفہ، خصوصیات، طریق کار ،مراحل اور دیگر اہم مباحث کااحاطہ کیا گیا ہے۔اس میں داعی ، مدعو، دعوت اور دعوت کے طریق کار، غرض تمام پہلوؤں پر تفصیل سے بات کی گئی ہے۔ یہ گویا دور جدید کے اعتبار سے اسلام کی دعوت کے قانون کو منظم، مرتب اور سائنٹیفک انداز میں پیش کرنے کی پہلی بہت عمدہ کاوش ہے۔

مولانا اصلاحی کے کام کا یہ پہلو بھی بہت اہم ہے کہ یہ دور جدید کی بھرپور رعایت کرتا ہے، اور اس میں وہ اجتہادی رہ نمائی ہے جس میں مسلمان علما صنعتی دور اور انفارمیشن ایج کی ایجادات اور تمدن سے استفادہ کرتے ہوئے دین کی دعوت اطمینان سے دے سکتے ہیں۔تاہم ان سب سے بڑھ کرمولانا اصلاحی کے کام کی اہمیت یہ ہے کہ انفارمیشن ایج میں جب نظریات کا تصادم برپا ہے، ان کا کام اسلامی دعوت کو پیش کرنے کے آداب اور قانون کو بڑی شرح و وضاحت سے پیش کرتا ہے۔یہ کام نہ صرف اس راہ کے ہر موڑ کی طرف رہ نمائی کرتا ہے بلکہ یہ بھی بتاتا ہے کہ اسی راستے پر چل کر وہ دوبارہ دنیا میں اپنا مقام و مرتبہ حاصل کرسکتے ہیں۔چناں چہ مسلمانوں میں دعوت کی اہمیت کو زندہ کرنے کے پہلو سے بھی مولانا اصلاحی کا کام ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

تاہم مولانا اصلاحی کے کام کی ان تمام خصوصیات کے باوجوداس میں کچھ کمیاں نظر آتی ہیں۔مثلاً یہ معاشرے کے

مختلف طبقات اور معاشرتی حیثیت کے لحاظ سے ان پر عائد ہونے والے دعوتی ذمہ داریوں اور اس ذمہ داری کی ادائی کے طریقہ کار کا کوئی واضح تصور پیش نہیں کرتا؛ جیسے فرد، ریاست اور علما وغیرہ پر دعوت کے حوالے سے کیا ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔مزید یہ کہ کوئی فرد دعوت دین کے حوالے سے احکام شریعت کو سمجھنا چاہتا ہے تو اسے ایک ترتیب کے ساتھ اس کتاب میں احکام شریعت نہیں ملیں گے۔اس جیسے سوالات ہیں جو مولانا اصلاحی کے اس کام پر اٹھائے جاسکتے ہیں تاہم علم کی دنیا میں سوالات ہمیشہ باقی رہتے ہیں اور یہی سوالات دیگر اہل علم کے لیے غور وفکر اور تحقیق و تدبر کے نئے دروازے کھولنے کا باعث بنتے ہیں۔

خ خ خ خ خ